بسم اللہ الرحمن الرحیم

مفتی عثماں غنی

استاذ حدیث وفقہ: دارالعلوم دیوبند | بموقع: اختتام ہدایہ (جلد رابع)، عربی ہفتم ثانیہ: ۱۴۴۳ھ، دارالعلوم دیوبند

عظمتوں میں نہاں مفتی عثماں غنی ۞ حکمتوں کا نشاں مفتی عثماں غنی
سب کے محبوب جو فخر دار العلوم ۞ سُنبلِ گلستاں مفتی عثماں غنی
شاہکارِ صلاحیتِ علم و فن
مجمعِ خوبیاں مفتی عثماں غنی

منفرد آپ رفتار و گفتار میں ۞ ہیں بلند حیثیت حُسن کردار میں
لمبا قد، پست آواز و ہلکا بدن ۞ مثلِ بو بکرؓ جو یار ہیں غار میں
آپ کے اس تبسم پہ لاکھوں فدا
واہ! خندہ دہاں مفتی عثماں غنی

طرزِ تدریس ہے آپ کا لاجواب ۞ کس میں ہمت کہ انگڑائی لے، دیکھے خواب
ہمزۂ وصلی میں، معنیٔ 'حتّی' میں ۞ ترجمہ ہو گُلابی نہیں لاتے تاب
ماہرِ عربی اردو زباں فارسی
شاہِ قلم و بیاں مفتی عثماں غنی

বাংলা সাহিত্যে যাঁর অবদান অফুরান, ۞ তাঁরই হাত ধরে 'উলফত' পেয়ে নবপ্রাণ,
শক্তি - সাহস নিয়ে চলেছে রাজপথে। ۞ তাই সবে মিলে তাঁর গেয়ে যাই জয়োগান।
হাত উঁচিয়ে সবাই একসাথে দাও ধ্বনি!
আমাদের রেনেসাঁ মুফতি উসমান গনি॥

چاہیں تو عشق کو تاڑ کر دیکھ لیں ۞ ہے اجازت یہ دل پھاڑ کر دیکھ لیں
گر لگے لے کے بیٹھا ہوں لفظوں کا ڈھیر ۞ پھر تو دامن مِرا جھاڑ کر دیکھ لیں
آپ سے یہ محبت رہے گی مدام
میری روحِ رواں مفتی عثماں غنی

کیسے ہم آپ کو ایسے ہی چھوڑ دیں؟ ۞ خیرؔ کہتا ہے رب! کشتی کو موڑ دیں!
علمِ نافع خدا! ہم کو کر دیں عطا ۞ 'دورہ' میں ہم سے پھر آپ کو جوڑ دیں!
جلد رابع ہدایہ کا ہے اختتام
اب ملیں گے کہاں مفتی عثماں غنی

از قلم: افتخار الحق خیرؔ فینوی، یکے از شرکائے عربی ہفتم ثانیہ۔